میں حضرت قاری صاحب کی علمی خدمات کوملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔فاضل مرتب کے بقول: ''مقصود یہ تھا کہ تحریر وتقریر کے میدان میں حضرت قاری صاحب کی خدمات کاایک خاکہ (کتابیات ،ببلوگرامی) سامنے لایا جائے۔جس میں حضرت قاری صاحب کی تصانیف کی فہرست ،آپ کے مقدمات ،تصدیقات وتقاریظ ،آپ کے مطبوعہ خطوط ،آپ کے خطبات وتقاریر نیز وہ مختلف مضامین وتحریریں جومختلف کتب ورسائل میں شامل ہوں ،وہ سب یکجا ہوجائیں۔''

مرتب نے ممکنہ حدتک دستیاب موادتک رسائی کر کے یہ خوبصورت خاکہ ترتیب دیا ہے، جودراصل حضرت قاری صاحب کی علمی خدمات کا آئینہ ہے۔مرتب کی یہ قابل تحسین کوشش ہدیۂ تبریک کی مستحق ہے۔(تبصرہ: ڈاکٹر محمد عمر فاروق)

● **اسلام اور مغرب**　　ڈاکٹر محمود احمد غازی

ضخامت: ۴۶صفحات　　قیمت: ۱۵روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کر کے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، اے۔۴/۱۷، ناظم آباد نمبر۴، کراچی

جناب ڈاکٹر محمود احمد غازی کے ایک خطبہ کوزوار اکیڈمی نے زیورِ طباعت سے آراستہ کیا ہے۔اپنے خطبہ میں ڈاکٹر صاحب نے اسلام اور مغرب کے تعلقات کی قدیم وجدید تاریخ کو پیش کرنے کے ساتھ ساتھ مغرب کے مسلمانوں کے خلاف عائد کردہ الزامات کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔علاوہ ازیں انھوں نے مسلمانوں کی کمزوریوں کوبھی آشکارا کیا ہے کہ جن کی بدولت اسلام کونقصان اور مغرب کوفائدہ پہنچ رہا ہے۔انھوں نے بتایا ہے کہ ''مسلمانوں کی کمزوریوں کے باوجود، اسلام تیزی کے ساتھ مغرب میں پھیل رہا ہے اور ایک بہت اہم اور عجیب بات یہ ہے کہ اسلام لانے والوں میں سب سے بڑی تعداد اور تناسب خواتین کا ہے۔'' (ص:۴۱)

ڈاکٹر محمود احمد غازی نے مغرب کی نام نہاد جدید ترقی اور اُس کی جارحانہ مسلم کش پالیسیوں سمیت اُن تمام مغربی، حیوانی رویوں کوموضوعِ بحث بنایا ہے جن کے ذریعے مسلمانوں کے دین وایمان کو بنیاد پرستی ، جہالت ، دقیانوسیت اور تاریک خیالی سے موسوم کیا جارہا ہے۔انھوں نے اسلام کی حقانیت اور اہل مغرب کی منافقت کودوٹوک انداز میں واضح کیا ہے۔یہ خطاب اگرچہ مختصر ہے مگر اپنے اندر وسعت وجامعیت رکھتا ہے۔ہم اس کی زیادہ سے زیادہ اشاعت وتقسیم کی سفارش کرتے ہیں۔(تبصرہ: ڈاکٹر محمد عمر فاروق)

● **عہدِ فاروقی کے باکمال**　　مؤلف: پروفیسر علی محسن صدیقی

ضخامت: ۳۱۲صفحات　　قیمت: ۲۴۰روپے　　ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز اے۔۴/۱۷ ناظم آباد نمبر۴، کراچی

پروفیسر علی محسن صدیقی مصنف، مؤلف اور مترجم کے طور پر علمی حلقوں میں اپنی پہچان رکھتے ہیں۔ان کا خاص موضوع اسلامی تاریخ ہے۔ان کی کئی کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔اس سے پہلے صدیقی صاحب کی ایک کتاب جو کہ حضرت